روایات ختم ہو جائیں گی، عزتیں لٹیں گی، ستم ٹوٹیں گے، آبروئیں پامال ہوں گی اور کوئی نہ ہو گا جو بے حیائی، فحاشی و عریانی اور ظلم و ستم کے سیلاب کو روک سکے اور لادین سیاستدانوں کے خلاف محاذ آرائی کر سکے۔۔۔ کوئی نہ ہو گا جو شرافت و دیانت کا علم بلند کر سکے اور یوں قہر خداوندی جوش میں آئے گا اور تباہی و بربادی اس معاشرے کا مقدر بن جائے گی۔

الغرض کسی معاشرے کی فلاح و بہبود اسی وقت ممکن ہے جب دین اور سیاست ایک ساتھ چلیں، بلکہ سیاست دین کے تابع ہو، دین کے بغیر شتر بے مہار نہ ہو۔ اسی میں ہر معاشرے کی فلاح و نجاح ہے اور اسی میں اس کی نجات کا راز مضمر ہے۔ کیا ہمارے علماء کرام اور سیاستدان اس طرف توجہ فرمائیں گے؟

ضروری اطلاع

احباب جماعت کو پڑھ کر یقیناً افسوس ہو گا کہ مجلّہ ترجمان السنہ عارضی طور پر بند کیا جا رہا ہے۔ اس کی بڑی وجہ مدیر مجلّہ کی تعلیمی مصروفیات کا شدید حرج ہے ہم نے یہ مجلّہ خالصتاً" قرآن و سنت کی خدمت کے لئے جاری کیا تھا اور الحمدللہ ہم نے حتی المقدور اپنا فرض ادا کیا ہے اس مجلّہ کا اجراء شہید اسلام امام العصر علامہ احسان الٰہی ظہیر شہید رحمتہ اللہ علیہ کی یاد میں کیا گیا تھا مجلّہ نے ایک خصوصی نمبر حافظ محمد گوندلوی" کی یاد میں اور تین خاص نمبر شہید اسلام کی یاد میں جاری کئے جو کہ ایک اہم دستاویز کی حیثیت رکھتے ہیں آنے والے وقت میں امام العصر پر تحقیقی کام کرنے والوں کے لئے مجلّہ کی فائلیں ممد و معاون ثابت ہوں گی ہم نے کوشش کی کہ شہید اسلام نے قوم کو جو شعور عطا فرمایا اور مسلک کی خدمت کا جو جذبہ نوجوانوں میں معجزن فرمایا اسے زندہ رکھا جائے اس کے لئے ہم نے مجلّہ میں بار بار شہید اسلام کے افکار اور ان کے نظریات جو وہ خصوصاً" جمہوریت اور غاصب حکمرانوں کے حوالے سے رکھتے تھے کو بیان کیا اس حوالے سے ہم نے ہر موقع پر کسی بھی مصلحت کو بالا طاق رکھتے ہوئے اپنے عظیم ترین اسلاف کی روایات کو اپناتے ہوئے ماضی قریب کے ہر غاصب، ظالم اور جابر حکمران کے خلاف کلمہ حق بلند کیا اور ان عناصر کی حوصلہ شکنی بھی کی جو جمہوریت کی مخالفت کے نام پر اہلحدیث کو دوبارہ اس ملک میں اچھوت بنانے کے درپے ہیں اس کے علاوہ ادارہ اپنے قلمی معاونین اور جناب مولانا عطاء الرحمن ثاقب صاحب کا شکریہ ادا کرنا انتہائی ضروری سمجھتا ہے جنہوں نے مجلّہ کی انتظامی ذمہ داریاں اور تسریحات کے تحریر کرنے کا فریضہ بخوبی انجام دیا جزاک اللہ احسن الجزاء بھائی عبدالرشید بھی ادارہ کے شکریہ کے مستحق ہے جنہوں نے مجلّہ کی طباعت کی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دیں۔ منجانب ادارہ ترجمان السنہ